www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 03 اپریل 2026ء بمطابق 14 شوال 1447ھ | شمارہ 248 | قیمت 10 روپے

کراچی میں موسلا دھار بارش، حادثات میں 6 افراد جاں بحق

شہر قائد میں جمعرات کو صبح اور دوپہر کے اوقات میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوئی، سڑکیں تالاب بن گئیں

کرنٹ لگنے کے واقعات سائٹ سپر ہائیوے، ایم اے جناح روڈ سیون ڈے اسپتال کے قریب اور سرجانی ٹاؤن میں پیش آئے

پی آئی بی کالونی تھانے کے علاقے پی آئی بی کالونی پوسٹ آفس کوئٹہ ہوٹل کے قریب کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

کراچی (ویب ڈیسک) شہر میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہونے والی موسلا دھار بارش کے دوران کرنٹ لگنے اور دیوار گرنے سے گیارہ افراد جاں بحق ہو گئے، کرنٹ لگنے کے 6 واقعات پی آئی بی کالونی، سائٹ سپر ہائیوے، ایم اے جناح روڈ سیون ڈے اسپتال کے قریب اور سرجانی ٹاؤن میں پیش آئے جبکہ دیوار گرنے کے 3 واقعات سائٹ ایریا اور فیڈرل بی ایریا میں رپورٹ ہوئے۔ حکام کے مطابق شہر قائد میں جمعرات کو صبح اور دوپہر کے اوقات میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوئی، سڑکیں تالاب بن گئیں اور کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق بارش کے دوران پی آئی بی کالونی تھانے کے علاقے پی آئی بی کالونی پوسٹ آفس کوئٹہ ہوٹل کے قریب کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا جس کی شناخت 30 سالہ ..... بقیہ صفحہ 9 کالم نمبر 30

معاشی بچت، جنگ بندی اور عوامی ریلیف حکومت کی اولین ترجیح ہے

وزیر اعظم

پاکستان جنگ رکوانے کے لیے کوشش کر رہا ہے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، آبنائے ہرمز سے دو تیل بردار جہازوں کی آمد میں نائب وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشیں شامل ہیں

خطے میں جنگ کا دوسرا مہینہ شروع ہو گیا ہے، شہادتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں، شعلے ٹھنڈے کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے، وفاق اور صوبے جو ترقیاتی منصوبے روک سکتے ہیں، روک دیں، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شعلے میں جنگ کا دوسرا مہینہ شروع ہو گیا ہے، شہادتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں، وفاق اور صوبے جو ترقیاتی منصوبے روک سکتے ہیں، روک دیں۔ شعلے کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر اطلاعات عطاء تارڑ، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر توانائی سردار اویس لغاری، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر اطلاعات و نشریات عظمیٰ بخاری، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خارجہ امور حنا ربانی کھر، وزیر مملکت برائے دفاع بلال اکبر خان، وزیر مملکت برائے دفاع پیداوار عبدالرزاق داؤد، وزیر مملکت برائے توانائی ڈاکٹر مصدق ملک، وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات عون عباس بپی، وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات ڈاکٹر ابوذر نقو

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فجر فلور، ہیڈ آفس بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بچت اقدامات کا جائزہ اجلاس، آئی ایم ایف کی نئی شرائط

پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی بہتر، بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے لیے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے متعلقہ وزارتوں کو صوبوں کے ساتھ مشاورت کے بعد تیسرے تجارتی پورٹ کے آرڈر اور پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ تین ہفتوں میں وفاقی حکومت نے ہم آمدنی والے طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے۔ آئندہ بھی غریب طبقے کے ریلیف کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ تیل کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے کے لیے وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کی۔ کفایت شعاری اور بچت کے مختلف اقدامات کے ذریعے عوام کو 129 ارب روپے کا ریلیف دیا۔ دوسری جانب، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگے ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے حکومت کو دیئے مطالبات کی فہرست فراہم کی گئی ہے، جس میں اگلے مالی سال ٹیکس ہدف میں 16 سو ارب روپے سے زائد کا اضافہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں، آئی ایم ایف نے چھوٹے کاروبار اور تاجروں پر انکم ٹیکس لگانے اور نئے بجٹ میں ٹیکس ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد کرنے کی تجویز دی۔ یہ صورتحال ایک ایسی تصویر پیش کرتی ہے جس میں ایک طرف ریلیف کے اعلانات ہیں اور دوسری طرف مہنگائی کا ایک اور سیلاب۔ 129 ارب روپے کا ریلیف دینے سے بڑا بوجھ نہیں پڑے گا، لیکن جب ایک پاکستان کی 24 کروڑ سے زائد آبادی پر ٹیکس کا بوجھ اجتماعی معمولی بنتی ہے۔ دوسری طرف، کوئٹہ بندرگاہ سے کنٹینروں میں تین سو فیصد سے زائد اضافہ ہو چکا ہے، کیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں اور اشیائے ضروریہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جارہی ہیں۔ ایسے میں حکومت کا ریلیف کا بیانیہ عوام کو مطمئن کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ بہت سے شعبے آئی ایم ایف کا پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی کا مطالبہ قبول کیا، مالی سفارت نہیں بلکہ یہ حکومت پر عوام کا بڑھتا ہوا عدم اعتماد ہے۔ ٹیکس ادا کرنے کے لیے واضح رقم اور ریلیف کے لیے پیچیدہ طریقہ کار، یہ تضاد ہی وہ خلیج ہے جو ہر بجٹ کے ساتھ گہری ہوتی جاتی ہے۔ سب سے پہلے آئی ایم ایف کی شرائط کو سامنے لانا اور حکومت کو انہیں من وعن قبول کرتے چلے جانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پاکستان کی اقتصادی پالیسی اسلام آباد میں نہیں، کہیں اور طے ہو رہی ہے۔ تنخواہ دار طبقہ، جو پہلے ہی سب سے زیادہ ٹیکس دیتا ہے، سب سے پہلے زمینی حقائق دیکھیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر آنکھیں بند کر کے عمل کرنے کے بجائے قومی مفاد میں مشاورت کریں۔ کفایت شعاری کا آغاز عوام سے نہیں، حکومتی اخراجات اور مراعات یافتہ طبقے سے ہونا چاہیے۔ جب تک حکمران خود سادگی نہیں اپنائے، عوام سے قربانی مانگنا منافقت ہے۔ اس صورتحال میں عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جارہا ہے اور ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق عنقریب وہ سڑکوں پر ہوں گے اور پھر حکومت سے مطالبات سننے نہیں جائیں گے، لہٰذا اب بھی وقت ہے کہ پھر حکومت سے مطالبات سننے نہیں جائیں گے، لہٰذا اب بھی وقت ہے کہ پھر حکومت کی سیاست چھوڑ کے اور حقیقی عوامی ریلیف کی راہ اختیار کرے ورنہ حزب اختلاف ان حکمرانوں کو معاف نہیں کرے گی جنہوں نے آئی ایم ایف کو خوش کرنے کی خاطر اپنے عوام کو صاحب کی دلدل میں دھکیل دیا۔

اکھنڈ بھارت، گریٹر اسرائیل کچی نیند کے خواب

حالیہ غیر منصفانہ ایران، اسرائیل (پشت پر امریکہ) جنگ میں دنیا کی امن پسند قوتوں، ترقی پذیر ممالک کو اپنی کمزور معیشت کو مضبوط بنانے کے عمل کو سست کردیا ہے، حالیہ تازہ ہے تمام عالمی نظاموں، دوطرفہ اور اجتماعی ڈھانچے تخریب کاری کا شکار ہوگئے ہیں اور اپنی حیثیت کھو چکے ہیں، چونکہ صرف میں کی بھی نئے سرے سے بچت پر مجبور کردیا ہے کہ دنیا میں امن پسند لوگ اور ترقی پذیر ممالک اپنی کمزور معیشت کس طرح اپنی کامیابی دیکھ سکینگی؟ یہ ہے وہ بڑا سوال، جو عالمی تازہ حالات کے حل کرنے میں ناکام

01 بقیہ نمبر

خوراک کے باعث ہونے والی بیماریوں کے مؤثر انداز میں کنٹرول کے لیے ایک جامع نظام کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ ڈاکٹر عائشہ خان نے ایف ڈی اے کے زیر اہتمام ایک روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ورکشاپ میں ایف ڈی اے کے افسران، ہسپتالوں کے ڈاکٹرز اور فوڈ سیفٹی کے شعبے سے وابستہ ماہرین نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عائشہ خان نے کہا کہ خوراک کے ذریعے پھیلنے والی بیماریاں صرف صحت کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ معیشت پر بھی بوجھ ڈالتی ہیں، اس لیے ان کی روک تھام کے لیے مضبوط نگرانی اور بروقت ردعمل ناگزیر ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ادارے کی کوشش ہے کہ ایسے کیسز کی نشاندہی جلد ہو جو بعد میں وبا کی شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ ورکشاپ میں فوڈ سیفٹی کے قوانین، لیبارٹری ٹیسٹنگ اور ڈیٹا کے تجزیے پر تفصیلی سیشن ہوئے۔ شرکا کو بتایا گیا کہ ایف ڈی اے نے حالیہ مہینوں میں کئی ایسے کیسز کا پتا لگایا ہے جن کا تعلق آلودہ خوراک سے تھا۔ ان کیسز میں متاثرہ افراد کی تعداد اگرچہ زیادہ نہیں تھی، لیکن ان کے اثرات شدید تھے۔ ڈاکٹر عائشہ خان نے کہا کہ ایسے کیسز کی بروقت رپورٹنگ سے ہی ہم بڑے نقصان سے بچ سکتے ہیں۔ انہوں نے ہسپتالوں پر زور دیا کہ وہ مشکوک کیسز کی فوری اطلاع دیں۔ ورکشاپ میں بتایا گیا کہ ادارے نے ایک ہیلپ لائن بھی قائم کی ہے جہاں شہری شکایات درج کرا سکیں گے۔ ڈاکٹر عائشہ خان نے کہا کہ عوام کا تعاون اس نظام کی کامیابی کے لیے بہت اہم ہے۔

02 بقیہ نمبر

ہوگا کہ اس کیس میں فیصلہ نے کر کوئی راستہ نکالا جائے اور اس طرح کے کیسز کے حل کے لیے کوئی واضح لائحہ عمل طے کیا جائے۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے ریمارکس دیے کہ ہم نے کوئی حکم امتناع جاری نہیں کیا، ہم نے صرف یہ کہا تھا کہ جماعت اسلامی اور اہل کیس فوجی فاؤنڈیشن اور پھاٹک الہ کرم کی مارکیٹ میں دکانیں بنوں گی۔ سعد یہ چاہتے ہیں کہ ہم ان کے حق میں فیصلہ دیں، جبکہ ہم نے

ہمارا آئندہ ردعمل مزید مضبوط اور فیصلہ کن ہوگا

خواجہ آصف

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا ایک سال مکمل ہونے پر بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ کی جانب سے دہرائے جانے والا بیانیہ مایوسی اور واضح بے چینی کا عکاس ہے

بھارت اپنی اندرونی کمزوریوں کو بیرونی بنا کر پیش کرتا ہے، معرکہ حق یادوں میں آج بھی زندہ ہے، امن اور علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی تیاری مکمل ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ معرکہ حق یادوں میں آج بھی زندہ ہے، امن اور علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی تیاری مکمل ہے ہمارا آئندہ ردعمل تیز، متوازن اور فیصلہ کن ہوگا، بھارت کی جانب سے دہرائے جانے والا بیانیہ مایوسی اور واضح بے چینی کا عکاس ہے، پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا ایک سال مکمل ہونے پر بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ کی جانب سے دہرائے جانے والا بیانیہ نہ صرف حقائق سے متصادم ہے بلکہ ایک متوقع جارحیت کو جواز فراہم کرنے کی دانستہ کوشش بھی ہے، بھارت اپنی اندرونی کمزوریوں کو بیرونی بنا کر پیش کرتا ہے، معرکہ حق یادوں میں آج بھی زندہ ہے، امن اور علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی تیاری مکمل ہے، وزیر دفاع

وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی ماڈل کالج برائے خواتین کے سالانہ کانووکیشن کی تقریب میں شریک ہیں

چینی سفیر کی وفد کے ہمراہ مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات

بے یو آئی کے سربراہ نے اپنی اسلام آباد رہائش گاہ پر چینی سفیر کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان میں متعین چینی سفیر جیانگ زیڈونگ کی وفد کے ہمراہ بے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے اہم ملاقات ہوئی ہے، تفصیلات کے مطابق ہے یو آئی سربراہ نے اپنی اسلام آباد رہائش گاہ پر چینی سفیر کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا جس میں انہوں نے وفد کے ہمراہ شرکت کی، اس دوران دونوں شخصیات کی ملاقات ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہے یو آئی ..... بقیہ صفحہ 9 نمبر 6

ایران پر جنگ مسلط کر کے ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کو پہلی بار اقوام عالم میں تنہا کر دیا، سعد رفیق

لاہور (ویب ڈیسک) ریلوے کے سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے صدر ٹرمپ کی آج کی تقریر ایک بار سے ہوئی ہے جو ہاری کا خطاب تھا جو جھوٹ اور دھمکیوں سے بھرا ہوا تھا، اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا ایران کو شدید جانی و مالی نقصان پہنچانے کے عمل میں ..... بقیہ صفحہ 9 نمبر 5



وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا مصری و ازبک وزرائے خارجہ سے رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا مصر اور ازبکستان کے وزرائے خارجہ کے درمیان الگ الگ ٹیلی فونک رابطہ ہوا، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مصری وزیر خارجہ نے اسلام آباد میں عالیہ وزرائے خارجہ اجلاس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

روسی صدر اور سعودی ولی عہد کا رابطہ، تیل کی قیمتوں پر اظہار تشویش

ماسکو (ویب ڈیسک) روسی صدر پوٹن اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کا رابطہ ٹیلیفونک رابطہ ہوا، خبر ایجنسی کے مطابق گفتگو کے دوران دونوں رہنماں نے تیل کی قیمتوں سمیت ازبکستان پر تشویش کا اظہار کیا، دونوں رہنماں نے عالمی طاقتوں کی جانب سے تیل کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ..... مارکی راستوں پر تبادلہ خیال کیا، خبر ایجنسی کے مطابق آبنائے ہرمز کے بحران پر مشترکہ لائحہ عمل تیار ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

کراچی میں ریسیز کنٹرول اقدام: آوارہ کتوں کے کاٹنے کے بڑھتے بحران سے نمٹنے کے لیے جامع حکمتِ عملی تیار

کراچی (ویب ڈیسک) میں متعدد ایک کیٹیر اشیر مشاورتی اجلاس میں مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے 35 فرد نے پاکستان میں کتے کے کاٹنے اور ریبیز کے بڑھتے ہوئے خطرناک مسئلے پر غور کیا۔ اجلاس میں IHHN، ویٹرنری ماہرین، جنوبی فلاحی تنظیموں، قانونی ماہرین، سرکاری محکموں، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندگان شریک ہوئے۔ شرکاء نے شہری اور دیہی علاقوں میں کتے کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

کوٹہ: بارش کے دوران موٹر سائیکل سواروں نے خود کو بچانے کے لیے چھتریوں کا استعمال کیا

حکومت چاہتی ہے عوام قربانی دے لیکن اپنے خرچے کم نہیں کر رہی، جنید اکبر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) جنید اکبر خٹک نے کہا ہے کہ حکومت خاندان مانگ رہی ہے لیکن اپنے روپوں پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

خیبر پختونخوا حکومت نے مختلف محکموں کے فنڈز روک دیئے

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت محکموں کے اربوں روپے کے فنڈز عارضی طور پر روک دیئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے محکموں کے سالانہ ترقیاتی منصوبوں اور جاری ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے کینیڈین ہائی کمشنر کی ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں کے درمیان ملاقات میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کینیڈا کے ہائی کمشنر کا خیر مقدم کیا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

قومی ڈیجیٹل صحت ریکارڈ تعاون فورم کا باضابطہ آغاز

منعقدہ کانفرنس میں نیشنل ایکشن پلان ڈیجیٹل ریکارڈ تعاون فورم کے قیام کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اٹلس ہسپتال اینڈ ہیلتھ سروسز اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے اشتراک سے کراچی میں منعقدہ ایک کانفرنس کے دوران نیشنل ..... بقیہ صفحہ 9

دریائے سندھ کی کشتی کی سیر حیدرآباد میں خنک، آبرآلود موسم کے بیچ معقول

پیٹرول 458 اور ڈیزل 520 روپے فی لیٹر کرنے کا اعلان

ٹارگٹڈ سبسڈیز متعارف کرائی جائیں گی اور کھاد و زرعی ادویات پر وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کے نفاذ کو موخر کیا جائیگا

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ماہانہ وظیفہ 14500 روپے سے بڑھا کر 19500 روپے کیا جائیگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ معاشی و مالیاتی پالیسیوں کی پیداشت کے تحت یقین دہانی کرائی ہے کہ کیتل کی قیمتوں کو بوجھ صارفین تک منتقل کیا جائیگا۔ نائٹیڈ سبسڈیز متعارف کرائی جائیں گی اور کھاد و زرعی ادویات پر وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کے نفاذ کو موخر کرتے ہوئے 14500 روپے سے بڑھا کر 19500 روپے کیا جائیگا۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

پاکستان کا مجموعی قرضہ 81 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور کے اجلاس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان کا مجموعی قرضہ 81 ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکا ہے اور ہر شہری تقریباً 13 لاکھ 25 ہزار روپے کا مقروض ..... بقیہ صفحہ 10 نمبر 3

8 اپریل کو ایسا فیصلہ دینگے جو پاکستان کو ہلا کر رکھ دے گا، جج سپریم کورٹ

سپریم کورٹ میں پاپ گونل کرنے والے ملزم محمد صفدر کی سزا معافی کے کیس کی سماعت ہوئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ میں پاپ گونل کرنے والے ملزم محمد صفدر کی سزا معافی کے کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس یاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران وکیل ملزم نے مؤقف اختیار کیا کہ میرا موکل 14 سال سے قید میں ہے، جسٹس یاشم کاکڑ نے کہا کہ پاپ گانے والے کو 24 سال قید تھی کم ہے، جبکہ جسٹس شہنشاہ ایرانیم نے کہا کہ "ملزم نے دیت کے تحت معافی ممکن ہے مگر ایسے کیسز کا کوئی اصل ..... بقیہ صفحہ 2 نمبر 3

پاکستان میں فی تولہ سونا 7100 روپے سستا ہو گیا

کراچی (ویب ڈیسک) ملک بھر میں سونے کی قیمت میں بڑی کمی دیکھی گئی ہے۔ آل پاکستان جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 100 روپے کی کمی ہوئی ہے جس کے بعد فی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ایوے ای نے ایران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا

اگر یہ اہم بحری گزرگاہ بندر رہی تو دنیا بھر میں توانائی کی فراہمی متاثر ہو سکتی ہے

ابوظہبی (ویب ڈیسک) متحدہ عرب امارات نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو کھلوانے کے لیے ایران کے خلاف فوری اور فیصلہ کن اقدامات کیے جائیں، اپنے بیان میں امارتی وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں ایران کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

وفاقی وزیر منصوبہ عباسی نے میٹنگ میں متاثرین استحصال کو جدی جلد از جلد مرمت کی ہدایت کی

بانی پی ٹی آئی کی پٹیشنر کو جان بوجھ کر لٹکایا جا رہا ہے، وکیل

جیل انتظامیہ نے بانی پی ٹی آئی سے قانونی ملاقات پر دستخط نہیں کروائے دیے

راولپنڈی (ویب ڈیسک) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل خالد یوسف چودری کا کہنا ہے کہ جیل انتظامیہ کی جانب سے قانونی دستاویزات پر دستخط نہیں کروائے جا رہے۔ اڈیالہ جیل کے ترجمان پیغام سے گفتگو کرتے ہوئے خالد یوسف چودری نے کہا کہ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ میں بانی کی پیشی ملتوی ہونے کی وجہ سے مرتبہ وکالت نامے اور پاور آف اٹارنی دستخط کروانے اڈیالہ جیل آیا ہوں، اسلام آباد ہائیکورٹ کیلئے جیل کے ترجمان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

وفاقی حکومت کا صوبوں سے پیٹرولیم سبسڈی میں حصہ ڈالنے کا مطالبہ

وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ صارفین پر منتقل کرنے پر بھی غور کیا گیا

اجلاس میں حکومت کے کفایت شعاری اقدامات اور توانائی کی بچت سے متعلق مجوزہ اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے صوبوں سے پیٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی میں حصہ ڈالنے کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، اجلاس میں صوبائی وزرائے اعلیٰ اور وزیر اعظم آزاد کشمیر بھی شریک ہوئے، اجلاس میں چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی: گرو مندر پر جمع شدہ برساتی پانی محکمہ کی غفلت کو نمایاں کرتا ہے

گورنر پنجاب سے آئی جی اور ہوم سیکرٹری کی ملاقات

لاہور (ویب ڈیسک) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے نئے تعینات ہونے والے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور ہوم سیکرٹری احمد جاوید قاضی کی الگ الگ ملاقاتیں ہوئیں۔ گورنر پنجاب نے نئے تعینات ہونے والے آئی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

وائس ڈی چانسلر ڈیکلیشیا سے بچا میں معاون ثابت ہو سکتا ہے، تحقیق

کراچی (ویب ڈیسک) ایک نئی تحقیق کے مطابق روزانہ وائس ڈی چانسلر لیٹرا ڈیکلیشیا سے بچا میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ تحقیقین کے مطابق جن لوگوں میں دریائی عرس اس وائرس کی شدت زیادہ تھی، ان کے دماغ میں کئی سال بعد الزائمر (ذہنی پسماندگی کی بیماری) سے متعلق ایک ..... بقیہ صفحہ 33

کفایت شعاری مہم، ملک بھر کی جامعات ہفتے میں چار دن کھلی رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں جنگ کے تناظر میں کفایت شعاری مہم کے تحت ملک بھر کی جامعات ہفتے میں چار دن کھلی رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے بازار کیمپن کمیشن نے بھی جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ہر پکہ اہم اور ہمارے مستقبل کا سرمایہ ہے، ثانیہ عاشق

لاہور (ویب ڈیسک) صوبائی خصوصی خاتونہ عاشق نے کہا ہے کہ آج کا دن آئندہ کا شکاران تمام بچوں کا دن ہے جو اس دنیا سے مختلف نہیں بس اس دنیا کو اپنے انداز سے دیکھتے ہیں۔ آج کا دن اگی دو سین دنیا کا دن ہے جس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے بلا تفریق اقدامات کر رہی ہے، عظمی بخاری

عظمی بخاری سے بہاولپور پریس کلب کے عہدیداروں کی دفتر میں ملاقات

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت بخاری عظمی بخاری نے بہاولپور پریس کلب کے عہدیداروں کے ایک وفد سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت پریس کلب کے صدر چوہدری محمد سلیم کر رہے تھے، دیگر شرکا میں سیکرٹری جنرل الدین ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

چنگھاڑوں کی وفد کے ساتھ ملاقات، ٹکٹ چیکنگ کا نظام بہتر بنانے کا حکم

ڈی جی ریلوے کی ہدایت پر ٹکٹ چیکنگ کے نظام کا جائزہ لیا گیا

شعبہ صحت میں کام کرنیوالی خواتین نے سگریٹس پر ٹیکس بڑھانے کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) شعبہ صحت میں کام کرنیوالی خواتین نے سگریٹس پر ٹیکس بڑھانے کا مطالبہ کر دیا، اس پر پی ڈی ای اور سپارک نے نئے بجٹ میں سگریٹ پر ٹیکس بڑھانے کی تجویز دی۔ تمباکو نوشی کو پاکستان میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام، 8 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں بھارتی حمایت یافتہ فتن الخوارج سے تعلق رکھنے والے خارجی دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے

انسپکس کمیٹی کی منظور کردہ مہم عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنانے کے لیے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یکم اپریل 2026 کو شمالی وزیرستان کے علاقے میں پاک افغان سرحد کے ساتھ بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے دہشت گردوں کے ایک گروہ کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

میں نے میچ کافی ہروائے ہیں تو کافی جتوائیں بھی ہیں، فاسٹ بولر حارث رؤف

لاہور (ویب ڈیسک) آلراؤنڈر کے فاسٹ بولر حارث رؤف کہتے ہیں کہ پرفارمنس پر تنقید کریں لیکن ٹیم کے دائرے میں رہ کر کریں، میں کسی کی نہیں سنتا، جس کا دل کرتا ہے وہ اپنی رائے رکھتا ہے۔ میں نے کئی کافی ہروائے ہیں تو کافی جتوائیں بھی ہیں۔ ایک ہی سی اے گراؤنڈ میں پریس سیشن پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے حارث رؤف نے کہا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

مداحوں سے بہت پیار کرتا ہوں، نجی زندگی پر بات کرنا پسند نہیں کرتا، اداکار فہد مصطفیٰ

لاہور (ویب ڈیسک) معروف اداکار و میزبان فہد مصطفیٰ نے کہا کہ وہ اپنی نجی زندگی پر بات کرنا پسند نہیں کرتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں فہد مصطفیٰ نے کہا کہ وہ اپنے مداحوں سے بہت پیار کرتے ہیں لیکن برقت ان سے رابطے میں نہیں ہو سکتے اسی لئے انہیں لگتا تھوڑا بدمزاج سمجھتے ہیں جانم و ایسا نہیں ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ وہ مداحوں سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 19